**سکول جانے کی عمر والے بچوں کی سماعت اور بصارت کی جانچ (معائنہ)**

اہم الفاظ:۔ حسیات (بصارت اور سماعت) کے معائنہ (جانچ) کا تعارف

| اصطلاح | تعریف | تصویر |
|---|---|---|
| معاون مصنوعات | معاون مصنوعات وہ اشیاء ہیں جو لوگوں کو ایسے کام سرانجام دینے میں مدد دیتی ہیں جو بصورتِ دیگر وہ بہتر طریقے سے یا بالکل بھی نہ کر سکتے۔ | |
| آڈیومیٹر (Audiometer) | سماعت کی جانچ کا آلہ جو سننے کی صلاحیت کو ماپنے کے لیے استعمال ہوتا ہے۔ |  |
| بریل (Braille) | نابینا افراد کے لیے تحریری زبان کی ایک شکل۔ حروف ابھرے ہوئے نقطوں کے طور پر ظاہر کیے جاتے ہیں، جنہیں انگلیوں کی پوروں کے ذریعے محسوس کیا جاتا ہے۔ | |
| آلہء سماعت (Hearing Aid) | جن لوگوں کو سننے میں دشواری ہوتی ہے وہ کان پر پہننے والا آلہ استعمال کرتے ہیں۔ آلہ سماعت آوازوں کو بلند کرتا ہے تاکہ سماعت کی کمزوری والے لوگ بہتر طور پر سن سکیں، بات چیت کر سکیں اور روزمرہ کی سرگرمیوں میں بھرپور طریقے سے حصہ لے سکیں۔ |  |
| اوٹوسکوپ (Otoscope) | چیزوں کو بڑا کرکے دکھانے والا روشن (روشنی والا) عدسہ جو کسی شخص کے کان کا معائنہ کرنے کے لیے استعمال ہوتا ہے۔ |  |
| عملے کے لوگ (Personnel) | وہ لوگ جو خدمات سرانجام دینے والے ادارے یا کسی تنظیم میں کام کرتے ہوں۔ | |
| معائنہ کرنے والا (Screener) | وہ شخص جو معائنہ (جانچ) کرنے کا عمل سرانجام دیتا ہے۔ | |
| حسی معائنہ (Eye and Ear) | ایک ایسا عمل جس میں یہ جانچا جاتا ہے کہ کسی شخص کی آنکھیں اور کان صحت مند ہیں یا نہیں اور بصارت یا سماعت سے متعلق کسی بھی مسئلے کی شناخت کی جاتی ہے۔ | |